

MNB اردو
Www.mnburdu.com

# گلوبل یو گراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام 2024 کے لیے درخواست جمع کرانے کی تجاویز

گلوبل یو گراڈ (UGRAD) پروگرام کے لیے درخواست جمع کرانے سے پہلے درج ذیل تمام ہدایات کو غور سے پڑھیں:

## ۱۔ پاس ورڈ اور لاگ ان کی معلومات:

آپ صارف نام (username) میں وہ ای میل پتہ درج کریں جو آپ نے درخواست گزار پورٹل (Applicant portal) کے لیے رجسٹر کرتے وقت استعمال کیا تھا۔ پاس ورڈ (Password) اور اس معلومات کو محفوظ جگہ پر لکھیں اور یاد رکھیں۔ اگر آپ اپنا پاس ورڈ بھول گئے ہیں تو غلط پاس ورڈ ٹائپ نہ کریں ورنہ آپ کا اکاؤنٹ بند کر دیا جائے گا۔ اگر آپ کو اپنا پاس ورڈ یاد نہیں

ہے، تو براہ کرم Forget Password پر کلک کر کے اپنا پاس ورڈ Reset کریں۔

## ۲۔ پروگرام سے متعلق سوالات:

پروگرام سے متعلق سوالات پوچھنے کے لیے پاکستان میں موجود امریکی سفارت خانے یا فلبرائٹ کمیشن سے رابطہ کریں۔

## ۳۔ درکار دستاویزات:

اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے، آپکو doc.، docx.، pdf.، jpg.، یا jpeg. فارمیٹ میں درج ذیل اسکین شدہ دستاویزات اپ لوڈ کرنے ہوں گے:

- شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ
- انڈر گریجویٹ ٹرانسکرپٹ
- اچیومنٹ سرٹیفکیٹ (Achievement Certificate)
- سفارشی خط (Letter Of Recommendation)
- مقصد کا بیان (Statement Of Purpose)

### ۴۔ سلیکٹ ہونے کے بعد درکار دستاویزات:

یوگراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام کے لیے جن امیدواروں کو سلیکٹ کیا جائے گا انہیں درج ذیل دستاویزات بھی جمع کرانے ہوں گے:

۱۔ حوالہ کا خط (Letter Of Reference)

۲۔ این او سی (NOC)

۳۔ میڈیکل ہیسٹری (Medical History)

٤۔ TOEFL ٹیسٹ جو USEFP خود منعقد کرے گی۔

## گلوبل یوگراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام پاکستان 2024 کے لیے درخواست دینے کے لیے مرحلہ وار گائیڈ

### امریکہ میں گلوبل یوگراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام 2024 کے لیے درخواست کیسے دی جائے؟


یو گراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام 2024 کے لیے درخواست دینے کے لیے ایک مرحلہ وار گائیڈلائن تیار کی گئی ہے۔ سب سے پہلے اہلیت کے معیار کو چیک کریں۔ اگر آپ ان تمام معیار پر پورا اترتے ہیں تو نیچے دیے گئے مراحل پر عمل کریں اور درخواست جمع کرائیں:

## مرحلہ ۱: اپنا اکاؤنٹ بنائیں۔

- لنک کے ذریعے Official ویب سائٹ پر جائیں :

https://usefp.org/scholarships/global-ugrad.cfm


- Start Application پر کلک کریں۔





- Continue پر کلک کریں۔





- Start a New Application پر کلک کریں۔




- اپنا ای میل ایڈریس اور CNIC (جیسے 12345-1112233-1) درج کریں پھر Submit پر کلک کریں۔





- آپ کو چند منٹوں میں ایک ای میل موصول ہو جائے گی۔ پھر Continue پر دبائیں۔





## مرحلہ ۲: لاگ ان کریں۔

- وہ ای میل اور پاس ورڈ ڈالیں جو آپ کو جی میل سے موصول ہوا ہے۔ درست ای میل اور پاس ورڈ لکھنے کے بعد Continue with Existing Application پر کلک کریں۔




## مرحلہ ۳: درخواست کو دھیان سے پر کریں۔

- درخواست کو پُر کرنے سے پہلے Get Started کے نیچے دی گئیں تمام ہدایات/ معلومات کو غور سے پڑھیں اور ان پر عمل کریں۔




- اس درخواست میں مختلف سیکشنز (Sections) دیئے گئے ہیں


جیسے: Personal Information

Academic Information


Additional Information

Personal Statement


Documents




- ان تمام سیکشنز (Sections) کو باری باری پُر کریں اور ہر سیکشن کو پُر کرنے کے بعد Save کے بٹن پر کلک ضرور کریں۔ Document کے سیکشن میں تصدیق شدہ دستاویزات اپ لوڈ کریں۔



- تمام سیکشنز کو پُر کرنے کے بعد Review And Submit پر دبائیں۔
یہاں پر تاریخ اور اپنا نام (BLOCK LETTERS) میں درج کریں
اور Submit پر کلک کریں۔




- اوپر دی گئی تمام ہدایات کو فالو کر کے جلد از جلد گلوبل یو گراڈ (UGRAD) ایکسچینج پروگرام 2024 کے لیے اپلائی کریں۔ کوئی بھی معلومات جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں یا آپ Comment سیکشن میں Comments کر کے ہم سے کوئی بھی سوال پوچھ سکتے ہیں شکریہ۔